## پیر صاحب پگارا سے الطاف حسین کا ٹیلی فون پر رابطہ
## ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال،عوام کو درپیش مسائل اور دیگر ایشوز پر تبادلہ خیال
## آپس میں گفت وشنید جاری رکھنے اورایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرنے پر اتفاق
## ملک جن بحرانون سے گزر رہا ہے اس میں جرات مندانہ فیصلوں کی ضرورت ہے، پیر صاحب پگارا

لندن۔۔۔18،دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلم لیگ فنکشنل کے سربراہ اورحروں کے روحانی پیشوا پیر صاحب پگارا سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان گفتگو میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال،عوام کو درپیش مسائل اور دیگر ایشوز پر تبادلہ خیال ہوا۔ دونوں رہنماؤں نے آپس میں گفت وشنید جاری رکھنے ،ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرنے اور مل کر کام کرنے پر اتفاق کیا۔ پیر صاحب پگارا نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملک جن بحرانون سے گزر رہا ہے اس میں جرات مندانہ فیصلوں کی ضرورت ہے اوراس موقع پر تمام سیاسی جماعتوں کا ایک جگہ جمع ہونا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ دونوں رہنماؤں نے ایک دوسرے کی خیریت دریافت کی اور بات چیت کا سلسلہ جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔

## یوم عاشور پر سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کرنے پر الطاف حسین کا خراج تحسین
## ڈی جی رینجرز اعجاز چوہدری، رینجرز کے تمام جوانوں، سی سی پی او کراچی فیاض لغاری،، پولیس کے تمام افسران، جوانوں اور قانون نافذ کرنے والے تمام اداروں کے افسران اوراہلکار کے مؤثر اقدامات کے باعث یوم عاشورامن وسکون سے گزر گیا
## شکار پور میں خودکش حملہ ناکام بنانے والے پولیس اہلکاروں نے بہادری کی مثال قائم کی ہے

لندن۔۔۔18،دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے محرم الحرام بالخصوص یوم عاشور کے موقع پر سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کرنے اورامن عامہ کی صورتحال برقرار رکھنے پر ملک بھر کے تمام سیکورٹی اداروں کے افسران اور جوانوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ محرم الحرام بالخصوص یوم عاشور کے موقع پر امن عامہ کی صورتحال برقرار رکھنے کیلئے سیکورٹی فورسز کی جانب سے فول پروف اقدامات کے باعث ماتمی جلوسوں میں شرپسندی کا کوئی واقعہ پیش نہیں آیا اور یوم عاشورامن وسکون سے گزر گیا۔ جناب الطاف حسین نے کراچی میں امن عامہ کی صورتحال برقرار رکھنے کیلئے مؤثر اقدامات پر ڈی جی رینجرز اعجاز چوہدری، رینجرز کے تمام جوانوں، سی سی پی او کراچی فیاض لغاری، پولیس کے تمام افسران، جوانوں اور قانون نافذ کرنے والے تمام اداروں کے افسران اوراہلکاروں کو دل کی گہرائی سے زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ جناب الطاف حسین نے شکار پور میں یوم عاشور کی مجلس میں خودکش حملہ کو ناکام بنانے کیلئے ہمت وجرات کا مظاہرہ کرنے والے پولیس اہلکاروں کو بھی زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پولیس اہلکاروں نے اپنی جان پر کھیل کر معصوم شہریوں کی زندگیوں کا تحفظ یقینی بنایا کر بہادراورفرض شناسی کی مثال قائم کی ہے۔انہوں نے خودکش حملہ کو ناکام بنانے والے زخمی پولیس اہلکاروں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔

## اشتیاق احمد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔18دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم اورنگی سیکٹر یونٹ 124 کے کارکن اشتیاق احمد ولد مبین الحق کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## عشے زئی قبیلے کے سردار حاجی محمد اختر اچکزئی اور ملزئی قبیلے کے سردار عبدالغفور اچکزئی کی دیگر ساتھیوں کے ہمراہ قائد جناب الطاف حسین کے نظریہ اور فکر وفلسفہ سے متاثر ہوکر ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان

چمن۔۔۔18، دسمبر 2010ء

عشے زئی قبیلے کے سردار حاجی محمد اختر اچکزئی اور ملزئی قبیلے کے سردار عبدالغفور اچکزئی کی اپنے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ قائد جناب الطاف حسین کے نظریہ اور فکر وفلسفہ سے متاثر ہوکر ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی سے ملاقات کے دوران کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان عبدالخالق بلوچ، زاہد قریشی بھی موجود تھے۔سردار حاجی محمد اختر اچکزئی اور سردار عبدالغفور اچکزئی نے یوسف شاہوانی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم واحد عوامی نمائندہ جماعت ہے جو بلاتفریق رنگ ونسل زبان عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور ملک بھر سے جاگیردارانہ وڈیرانہ نظام کیخلاف عملی جدوجہد کررہی ۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا نظریہ اور فکر وفلسفہ حق پرستی پوری آب وتاب کیساتھ ملک بھر میں پھیل رہا ہے اور انشاﷲ وہ دن دور نہیں جب ملک سے دو فیصد مراعات یافتہ طبقے کا خاتمہ ہوگا اور ملک بھر میں 98ء فیصد غریب عوام کی حکمرانی قائم ہوگی۔اس موقع پر یوسف شاہوانی نے کہا کہ ایم کیوایم قائد تحریک جناب الطاف حسین کی مدابرانہ قیادت کے طفیل ملک سے جاگیردارانہ وڈیرانہ نظام کا خاتمہ کرکے ملک کے عوام میں سیاسی شعور کو اُجاگر کرنا چاہتی ہے جس کے ذریعے ملک بھر کے عوام کو انصاف فراہم ہوسکے۔انہوں نے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے پر انہیں مبارکباد پیش کی اور انکا خیر مقدم بھی کیا۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔18 دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم حیدرآباد زون شعبہ خواتین کی کارکن عابدہ ہاشمی ایڈوکیٹ کی والدہ محترمہ، اورنگی سیکٹر یونٹ 124 کے کارکن اشتیاق احمد ولد مبین الحق ،ڈیفنس کلفٹن سیکٹر یونٹ 3 کے کارکن نعیم داد کے والد میر داد، پی آئی بی سیکٹر یونٹ 56 کے کارکن شریف کے والد محمد شفیق قریشی، کورنگی سیکٹر یونٹ 77 کے کارکن پرویز کی والدہ محترمہ ممتاز بیگم، نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 173 کے کارکن سید اختر نعیمی اور سید انور نعیمی کے والد ڈاکٹر نصیر اختر، شعبہ خواتین میرپورخاص زون کی رکن آفرین کے والد مرزا ذوالفقار بیگ اور ایم کیوایم ٹنڈوالہ یار زون یونٹ B-1 کے ذمہ دار عبدالجبار قریشی کے بڑے بھائی عبدالستار قریشی کے انتقال پر گہرے دکھ وافسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اﷲ تعالیٰ تمام مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق دے۔(آمین)

## تنظیم نو کے سلسلے میں رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ایبٹ آباد زون سمیت ڈسٹرکٹ مانسہرہ، ہری پور، کوہستان اور بٹ گرام کے انچارج واراکین کے ناموں کا اعلان کردیا

ایبٹ آباد۔۔۔17، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیم نو کے سلسلے میں ایم کیوایم ایبٹ آباد زون سمیت اس کی پانچ ڈسٹرکٹ کمیٹیوں کے انچارجز اور اراکین کے ناموں کا اعلان کردیا ہے۔یہ اعلان ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف نے ایبٹ آباد میں واقع مونالیزا ہال میں منعقدہ کارکنان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایبٹ آباد، مانسہرہ، ہری پور، کوہستان اور بٹ گرام کے کارکنان نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن گلفراز خان خٹک اور ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔شاہد لطیف نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات ہمارے لئے مشعل راہ ہیں اور ان کی ولولہ انگیز قیادت میں حق پرستی کا قافلہ اپنی منزل پر پہنچ کر دم لے گا۔انہوں نے کہا کہ ملک میں قائد تحریک جناب الطاف حسین واحد شخصیت ہیں جو صدر، وزیر اعظم، سینیٹر، ایم این اے یا ایم پی اے بننے کے خواہش مند نہیں ہیں اور ان عہدوں پر باصلاحیت افراد کو دیکھنا چاہتے ہیں اور ان کی حق پرستانہ جدوجہد کا مقصد بھی یہی ہے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے سیاست میں خدمت کے عمل کو متعارف کرایا ہے اور بلاتفریق خدمت کا جذبہ لیکر وہ ملکی سیاست میں سرگرم ہے اور جس جماعت کے قائد اور کارکنان صرف اور صرف عوامی خدمت کو ہی اپنا طرہ امتیاز اور مشن بنائے رکھیں وہی جماعت ملک وقوم کو ترقی وخوشحالی کی راہوں پر گامزن کرسکتی ہے۔انہوں نے ایبٹ آباد زون سمیت ڈسٹرکٹ مانسہرہ،

ہری پور، کوہستان، بٹ گرام اور ایبٹ آباد کے انچارج وارا کین کو دلی مبارکباد پیش کی اوران پرزوردیا کہ وہ تحریک کے مشن، مقصد اور نظریئے کے فروغ کیلئے اپنی تمام صلاحتیں استعمال کریں اور حق پرستی کا پیغام گھر گھر پہچا ئیں۔ اجلاس میں رابطہ کمیٹی کے رکن گلفراز خان خٹک نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد کو روکنے کیلئے ملک بھر میں منفی پروپیگنڈا کیا گیا لیکن حق آنے اور باطل مٹ جانے کیلئے اور آج قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کو ملک بھر کے غریب عوام اپنا رہے ہیں اور ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہو رہے ہیں۔ اجلاس سے ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج اسلم آفریدی اور رفیق نے بھی خطاب کیا۔

## یوم عاشور کے موقع پر کراچی، اندرون سندھ، پنجاب، بلوچستان، خیبر پختونخواہ، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر سے برآمد ہونے والے ماتمی جلوسوں میں ایم کیوایم کی شرکت

## جلوسوں کی گزرگاہوں پر استقبالیہ کیمپ قائم کئے گئے اور شربت وپانی کی سبیلیں لگائی گئیں، عزادران حسینؑ میں لنگر تقسیم کیا گیا

## کراچی کے مرکزی ماتمی جلوس میں رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی نے شرکت کی

کراچی۔۔۔17، دسمبر 2010ء

یوم عاشور کے موقع پر کراچی، اندرون سندھ، صوبہ پنجاب، بلوچستان، خیبر پختونخواہ، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر سے برآمد ہونے والے ماتمی اور عزاداران حسینؑ کے جلوسوں میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست سینیٹرز، وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، امن کمیٹیوں کے ارکان، علماء کمیٹی، زون، سیکٹر، یونٹ اور ڈسٹرکٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران وارا کین نے شرکت کی اور جلوسوں کے ساتھ ساتھ رہے اس موقع پر ایم کیوایم کی جانب سے جلوسوں کی گزرگاہوں پر استقبالیہ کیمپ قائم کئے گئے اور شربت و پانی کی سبلیں لگائی گئیں جبکہ ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے عزادران حسینؑ کو علاج معالجہ کی فراہمی کیلئے بڑی تعداد میں طبی کیمپس لگائے گئے جہاں ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹروں، پیرا میڈیکل اسٹاف کے ارکان نے ہزاروں عزادران حسینؑ کو طبی سہولیات فراہم کیں اور عزاداران حسین کی ایک بڑی تعداد کو خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینسوں کے ذریعے اسپتالوں میں منتقلی کے فرائض انجام دیئے۔ یوم عاشور کے موقع پر کراچی ایم اے جناح روڈ نشتر پارک سے برآمد ہونے والے مرکزی ماتمی جلوس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان رضا ہارون، سیف یار خان، ڈاکٹر نصرت، ڈاکٹر صغیر احمد، سلیم تاجک، توصیف خانزادہ، حق پرست صوبائی وزراء عبدالحسیب، سردار احمد، رؤف صدیقی حق پرست ارکان قومی اسمبلی حیدرعباس رضوی، رشید گوڈیل، وسیم اختر، حق پرست ارکان سندھ اسمبلی مقیم عالم اور شعیب ابراہیم نے شرکت کی اور علمائے کرام اور شیعہ انجمنوں کے عہدیداران سے ملاقاتیں کیں اور انہیں یوم عاشور کے موقع پر ایم کیوایم کی جانب سے کئے گئے انتظامات سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر علمائے کرام اور شیعہ انجمنوں کے عہدیداران نے محرم الحرام بالخصوص یوم عاشور پر ایم کیوایم کی جانب سے ہرسال کئے جانے والے عملی اقدامات کو سراہا اور اسے فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ اور قیام امن کیلئے مثالی اقدام قرار دیا۔ مرکزی جلوس کی گزرگاہ جامعہ کلاتھ رنچھوڑ، نمائش چورنگی اور اللہ والا مارکیٹ برنس روڈ پر ایم کیوایم کے مرکزی استقبالیہ کیمپس، طبی کیمپ اور شربت و پانی کی سبلیں لگائی گئیں تھیں جہاں سے رابطہ کمیٹی کے اراکین اور حق پرست اراکین اسمبلی نے جلوس میں شریک عزاداران حسینؑ میں لنگر تقسیم کیا اور شربت پلایا۔ اس موقع پر انہوں نے جلوس کی گزرگاہ پر ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے لگائے گئے طبی کیمپ کا دورہ کیا اور یہاں عزاداران حسینؑ کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ رابطہ کمیٹی کے اراکین اور حق پرست اراکین اسمبلی نے دیگر شیعہ انجمنوں کی جانب سے جلوس کی گزرگاہ پر لگائے گئے کیمپوں کا دورہ کیا جبکہ پیپلز پارٹی کے سینیٹر فیصل رضا عابدی نے اس موقع پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے طبی کیمپ کا بھی دورہ کیا اور یہاں عزاداران حسین کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا اور انہیں زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## عشرہ محرم خصوصاً یوم عاشور کے موقع پر قیام امن کے سلسلے میں بھرپور کوششیں کرنے پر کارکنوں کو الطاف حسین کا زبردست خراج تحسین
## ایم کیو ایم نے ثابت کردیا ہے کہ اس کیلئے فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور اتحاد بین المسلمین اولین ترجیح ہے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔17دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عشرہ محرم خصوصاً یوم عاشور کے موقع پر قیام امن،فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور اتحاد بین المسلمین کے سلسلے میں بھرپور کوششیں کرنے پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان اورلندن،حق پرست سینیٹرز،ارکان قومی وصوبائی اسمبلی،وزراء،کراچی تنظیمی کمیٹی،علماء کمیٹی،میڈیکل ایڈ کمیٹی سمیت تمام تنظیمی کمیٹیوں،تمام سیکٹروں، یونٹوں کے کارکنوں،سندھ، پنجاب، بلوچستان،خیبر پختونخوا، گلگت ، بلتستان اورآزادکشمیر کے تمام زونوں اوراضلاع کے کارکنوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔یوم عاشور کے مرکزی جلوسوں کے اختتام پرایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پراراکین رابطہ کمیٹی،ارکان اسمبلی اورشعبہ جات کے ارکان سے گفتگوکرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیو ایم کے تمام ذمہ داروں اورکارکنوں نے ہرسال کی طرح اس مرتبہ بھی محرم الحرام کے موقع پرفرقہ وارانہ ہم آہنگی کیلئے رات دن جس طرح بھرپوراورمخلصانہ کوششیں کی ہیں اوراس سلسلے میں جس طرح محنت ولگن سے کام کیا ہے اس نے ثابت کردیا ہے کہ ایم کیو ایم کیلئے فرقہ وارانہ ہم آہنگی اوراتحاد بین المسلمین اولین ترجیح ہے۔جناب الطاف حسین نے فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے قیام کے سلسلے میں علمائے کرام کے کردارکوبھی سراہا۔

## مسلم لیگ ہم خیال گروپ کے رہنما سلیم سیف اللہ کا الطاف حسین سے ٹیلی فون پر رابطہ
## ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال،ملک کو درپیش بیرونی واندرونی چیلنجز،ملک میں بڑھتی ہوئی غربت،مہنگائی، ریفارمڈ جنرل سیلز ٹیکس سمیت دیگرعوامی ایشوز پر تفصیلی اور سیر حاصل گفتگو

لندن۔۔۔17،دسمبر2010ء

مسلم لیگ ہم خیال گروپ کے رہنماء سلیم سیف اللہ نے آج ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن ٹیلی فون کرکے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین سے گفتگو کی ۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال ، ملک کو درپیش بیرونی واندرونی چیلنجز ، ملک میں بڑھتی ہوئی غربت،آسمان سے باتیں کرتی ہوئی مہنگائی ، ملک کے ہرشعبہ میں کرپشن اورریفارمڈ جنرل سیلز ٹیکس سمیت دیگرعوامی ایشوز پر تفصیلی اور سیر حاصل گفتگو ہوئی۔سلیم سیف اللہ نے جناب الطاف حسین سے گفتگوکرتے ہوئے کہا کہ سیاسی رہنماء خواہ حکومت میں ہوں یا اپوزیشن میں ان کے درمیان باہمی رابطہ اورصلاح ومشوروں کا سلسلہ جاری رہنا چاہئے ۔انہوں نے کہا کہ ملک انتہائی نازک دور سے گزررہا ہے اور ملک بھرکے عوام غربت، بے روزگاری اورمہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں اورشدید مشکلات کا شکار ہیں۔ان حالات میں ریفارمڈ جنرل سیلز ٹیکس نافذ کرنا ملک بھر کے عوام پر سراسرظلم ثابت ہوگا۔ہم آر جی ایس ٹی کی ہرگز حمایت نہیں کریں گے اوراس کے خلاف ووٹ دیں گے۔انہوں نے زرعی آمدنی پرٹیکس عائدکرنے کے ایم کیو ایم کے مؤقف کی تائیدکرتے ہوئے کہا کہ ہماری خواہش ہے کہ جمہوری حکومت اپنی مدت پوری کرے لیکن کرپشن اورخراب طرز حکومت کے باعث ہمیں بھی عوامی دباؤ کا سامنا ہے۔انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں پاکستان کی صورت میں ایک نعمت عطا کی ہے اورہمیں اپنے وطن عزیز کی قدرکرنی چاہئے ، یہ ملک کسی کی جاگیرنہیں بلکہ ہم سب کا ملک ہے اورہم سب وطن عزیز کا تحفظ مل جل کرکریں گے۔دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ ملک کے موجودہ حالات میں جس جماعت نے بھی عوام کی خواہشات اورامنگوں کے خلاف فیصلہ کیا اس کا سیاسی مستقبل تاریک ہوسکتا ہے۔جناب الطاف حسین نے سلیم سیف اللہ کے خیالات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ملک بھر کے عوام ، امن عامہ کی صورتحال، امریکی اورمغربی ممالک کی ڈکٹیشن اوردن بدن بڑھتی ہوئی مہنگائی سے بہت بددل ہیں۔ملک میں گورنس نام کی کوئی چیزنہیں ہے اور ہرشعبہ میں کرپشن اپنے عروج پر ہے۔انہوں نے کہا کہ آر جی ایس ٹی پرمسلم لیگ ہم خیال گروپ کی جانب سے عوام کی خواہشات اورامنگوں کے مطابق فیصلے سے عوام کوسکون میسر ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ملک وقوم کوسنگین چیلنجز کا سامنا ہے اوران حالات میں تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کو چاہئے کہ وہ ایک مرتبہ اپنے سیاسی اختلافات علیحدہ رکھ کر پاکستان اورس کے عوام کو بیرونی قرضوں اورامدادکی بھیک کے چنگل سے نجات دلانے کا فیصلہ کریں اوراتحاد کا مظاہرہ کرکے اس فیصلے پرڈٹ جائیں ۔انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو ہرقسم کی نعمت سے مالا مال کررکھا ہے۔وقت کا تقاضا ہے کہ ملک وقوم کیلئے قربانی کا جذبہ رکھنے والے سیاسی ومذہبی رہنماء آگے آئیں اورقومی غیرت وحمیت کے تحفظ کیلئے اپنا بھرپور کردارادا کریں۔دونوں رہنماؤں کے درمیان ملک وقوم کے وسیع تر مفاد میں مل جل کرکام کرنے اور مستقبل میں رابطہ جاری رکھنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔

☆☆☆☆☆